سوال

(915)اذان کے دوران تحیۃ المسجد

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ مسجد میں آؤ تو بیٹھنے سے پہلے دو رکعت پڑھو۔ اگر مسجد میں کوئی آئے اور اذان ہو رہی ہو تو پہلے نماز پڑھے یا اذان ختم ہونے کا انتظار کرے۔

جب امام خطبہ جمعہ کے لیے منبر پر بیٹھ جائے اس وقت اذان دی جاتی ہے۔ اگر کوئی اس وقت مسجد میں داخل ہو تو کیا اذان کا جواب دے اور خطبہ جمعہ کے وقت نماز پڑھے یا اذان کے دوران میں ہی دو رکعت پڑھ لے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

کھڑے کھڑے پہلے اذان کا جواب دے کر پھر تحیۃ المسجد کی دو رکعت پڑھنی چاہیے۔

حدیث میں ہے :

’فَقُولُوا مِثلَ مَا یَقُولُ المُؤَذِّنُ‘ (صحیح البخاری، باب مایقول إذا سمع المنادی، رقم: ٦١١، صحیح مسلم، رقم: ٣٨٣)

’’جمعہ کی منبری اذان کے وقت بھی پہلے اذان کا جواب دے پھر تحیۃ المسجد ادا کرے۔‘‘

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ:763